Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | ہفتہ 21 نومبر 2026ء 10 جمادی الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ 241

خیبر پختونخوا میں امن و استحکام ہر قیمت پر برقرار رکھا جائیگا، آرمی چیف

پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ تحسین، سید عاصم منیر نے خیبر پختونخوا کی پولیس فورس کی تعریف کرتے ہوئے پی پولیس کو بہادر فرنٹ لائن فورس قرار دیا

فیلڈ مارشل کا میران شاہ کا دورہ، موجودہ سیکیورٹی صورتحال انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری آپریشنز اور دہشت گردی کے خلاف مسلسل کوششوں سے حاصل ہونے والی کامیابیوں پر بریفنگ دی گئی



فیلڈ مارشل سید عاصم منیر میران شاہ، شمالی وزیرستان میں یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے خیبر پختونخوا کی پولیس فورس کی تعریف کرتے ہوئے پی پولیس کو بہادر فرنٹ لائن فورس قرار دیا۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ کا دورہ کیا۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یادگار شہدا پر پھول رکھے اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورے کے دوران، انہیں موجودہ سیکیورٹی صورتحال، انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری آپریشنز اور دہشت گردی کے خلاف مسلسل کوششوں سے حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مستحکم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

مشترکہ اعلامیے میں اسلام آباد ایم او یو کی بھی تعریف کی گئی، جس پر دونوں فریقین نے باہمی رضامندی سے دستخط کیے تھے، تاہم اس کے نفاذ میں کچھ مشکلات درپیش ہیں

سعودی عرب کے حق دفاع کی حمایت حوثی ملیشیا کے حملے بند کیے جائیں، پاکستان کا مؤقف

غزہ میں اسرائیلی حملوں کی مذمت، بھارت خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے، کالعدم تنظیم BLA کابل میں مقیم ورا سے بھارتی پشت پناہی حاصل ہے، ترجمان

بھارت مقبوضہ کشمیر میں بے پناہ مظالم ڈھا رہا ہے، اظہارِ رائے پر پابندیاں ہیں، پاکستان کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، سجاد حیدر کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستان نے غزہ میں اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطینیوں کے قتل عام کو روکنے اور ان کی ہر ممکن مدد کے لیے پاکستان پرعزم ہے۔ ساتھ ہی اقوام متحدہ میں بھارتی مندوب کے بیان کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ بھارت خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جبکہ کالعدم تنظیم بی ایل اے کابل میں مقیم ہے اور اسے بھارتی پشت پناہی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

صوبوں بارے عوامی رائے ضروری، ریفرنڈم کرانے میں حرج نہیں، تارڑ

آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے

عوامی رائے سامنے آنے دیں، اس کے بعد ہی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا، وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہیے، اگر عوام نئے صوبوں کے قیام کے حق میں ہوں تو صوبے بنا دینے چاہئیں اور اگر مخالفت میں ہوں تو ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ آئین میں ریفرنڈم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



بینکاک، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے تھائی لینڈ سینیٹ کے صدر ملاقات کر رہے ہیں

ریفرنڈم کسی بھی مسئلے کا بہترین حل ہے، صوبے عوام کی مرضی سے بنائیں

پی ٹی آئی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی صوبوں کے معاملے پر وسیع مشاورت کریگی، عامر ڈوگر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ ریفرنڈم کسی بھی مسئلے کا بہترین حل ہے، صوبوں کا قیام عوام کی مرضی سے آئین اور قانون کے مطابق ہونا چاہیے۔ جی ڈی سے گفتگو کرتے ہوئے عامر ڈوگر نے کہا کہ پی ٹی آئی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی صوبوں کے معاملے پر وسیع مشاورت کریگی، دونوں کمیٹیوں کی سفارشات پارٹی پی ٹی آئی کو بھیجی جائیں گی، فیصلہ پارٹی پی ٹی آئی خود کریں گے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ 28 ویں آئینی ترمیم کا راز اف پارلیمنٹ میں آنے تک کچھ کہنا قبل از (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

دو بچیوں کو جنسی ہراساں کرنے والے مجرم کی سزا کیخلاف درخواست خارج

دونوں بچیوں کے بیانات میں درخواست گزار کے خلاف کوئی دشمنی یا بدنیتی ثابت نہیں ہوئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ نے دو بچیوں کو جنسی طور پر ہراساں کرنے کے کیس میں ویلن ڈرائیور کی سزا کے خلاف درخواست خارج کر دی۔ عدالت نے درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے ویلن ڈرائیور حمید خان کی 14 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا برقرار رکھی ہے۔ جسٹس شہزاد ملک نے ریمارکس دیے کہ درخواست گزار کو تھوڑی سزا ملی ہے، تعزیرات پاکستان کی دفعہ 376 میں سزائے موت ہے۔ جسٹس شہزاد ملک نے ریمارکس دیے کہ ملزم کے کہنے پر فیصلے کرنا شروع کر دیں تو ساری جیلیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اقوام متحدہ میں پاکستان کی سفارتی میدان میں حق خودارادیت قرارداد منظور

قرارداد کا بغیر ووٹنگ کے متفقہ طور پر منظور ہونا حق خودارادیت کے اصول کیلئے عالمی برادری کی وسیع تر حمایت کا عکاس ہے

فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام سے حق خودارادیت کا وعدہ تاحال ادھورا ہے، پاکستانی مندوب سید حیدر شاہ

نیویارک (کے پی آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی نے جمعرات کے روز پاکستان کی جانب سے پیش کی گئی اس قرارداد کو اتفاق رائے سے منظور کر لیا ہے جس میں نوآبادیاتی نظام اور غیر ملکی تسلط کے تحت زندگی گزارنے والے عوام کے حق خودارادیت کا اعادہ کیا گیا ہے۔ اس قرارداد کی 62 ممالک نے مشترکہ سرپرستی (Co-sponsor) کی۔ "عوام کے حق خودارادیت کے عالمگیر نفاذ" کے عنوان سے یہ قرارداد اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر سید حیدر شاہ نے پیش کی۔ واضح رہے کہ پاکستان 1981 سے مسلسل یہ قرارداد پیش کرتا آرہا ہے۔ قرارداد پیش کرتے ہوئے سفیر سید حیدر شاہ نے فلسطین اور بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے عوام کو ان کے بنیادی حق سے مسلسل محروم رکھے جانے کی طرف توجہ مبذول کرائی۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی قبضے کے تحت زندگی گزارنے والے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

وفاقی سرکاری ملازمین کیلئے بڑی خوشخبری، رہائشی سہولت سے متعلق اہم فیصلہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے لیے رہائشی سہولتوں سے متعلق اہم فیصلہ کرتے ہوئے فلیٹ اور مکان آباد کو بھی سرکاری رہائش کی ہائرنگ کیلئے مخصوص اسٹیٹ قرار دے دیا۔ وفاقی وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے فیصلے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

زیتون کے شعبے کو تجارتی بنیادوں پر منظم کرنے، ٹرسٹ کے قیام سمیت 5 بڑی تجاویز

جدید پراسیسنگ سہولیات، بین الاقوامی معیار اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ہدایت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے پاکستان میں زیتون کے شعبے کو تجارتی بنیادوں پر منظم اور برآمدات کے قابل صنعت میں تبدیل کرنے پر زور دیتے ہوئے زیتون کی شجرکاری بڑھانے، تصدیق شدہ پودوں کی فراہمی، جدید پراسیسنگ سہولیات، بین الاقوامی معیار اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ہدایت کی ہے۔ ہماری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر برائے قومی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ارکان صوبائی اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی مالیاتی صورتحال کمزور ہو سکتی ہے، IMF نے خطرے کی گھنٹی بجا دی

درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی سست رفتار سے مالی دباؤ بڑھ سکتا ہے، پاکستان میں مقیم نمائندہ ڈاکٹر ماہر بینیش

پاکستان نے معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کی، ترقی اور خوشحالی کیلئے مسلسل، منصفانہ اور مرحلہ وار اصلاحات ناگزیر ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے پاکستان میں مقیم نمائندہ ڈاکٹر ماہر بینیش (Dr Mahir Binici) نے خبردار کیا ہے کہ درمیانی مدت میں درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی رفتار میں کمی کے باعث پاکستان کی مالیاتی صورتحال کمزور ہو سکتی ہے۔ اس لیے ملک کو معاشی تحفظ کیلئے اپنے مالیاتی ڈھانچے اور وسائل مضبوط بنانے کا عمل جاری رکھنا ہوگا۔ پاکستان پراسپیرٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ماہر بینیش نے کہا کہ پاکستان نے معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کی ہے، تاہم اس استحکام کو پائیدار ترقی اور خوشحالی میں تبدیل کرنے کیلئے مسلسل، منصفانہ اور مرحلہ وار اصلاحات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس سوال کا واضح جواب نہیں دیا کہ آیا پاکستان موجودہ سات ارب ڈالر کے آئی ایم ایف پروگرام کی مدت ختم ہونے کے بعد اگلے پانچ سال (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

سینیٹر خرم ذیشان کا گوئر کے پی کو 5 کروڑ روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس

غیر قانونی سونے کی کان کنی اور کالعدم تنظیموں سے روابط کے الزامات مسترد

کوہاٹ (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر خرم ذیشان نے خیبر قانونی سونے کی کان کنی اور کالعدم دہشت گرد تنظیموں سے مبینہ روابط کے الزامات کو بے بنیاد، من گھڑت اور بدنیتی پر مبنی قرار دیتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو پانچ (5) کروڑ روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس بھجوا دیا ہے۔ یہ قانونی نوٹس گزشتہ روز راولپنڈی کی قانونی فرم تسلیم لاء فرم کے توسط سے سینیٹر خرم ذیشان کے وکیل واسطی شاہ ایڈووکیٹ نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سپریم کورٹ کو عدالتی خدمات کیلئے عالمی معیار کا آئی ایس او سرٹیفکیٹ مل گیا

بین الاقوامی معیار کے مطابق ادارہ جاتی کارکردگی میں مسلسل بہتری کے لیے پرعزم ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ نے آئی ایس او 9001 / 2015 سرٹیفکیشن حاصل کر لی۔ بین الاقوامی ادارے انٹرسرٹ نے 19 نومبر کو آڈٹ مکمل کرنے کے بعد سرٹیفکیشن جاری کی۔ آئی ایس او سرٹیفکیشن سپریم کورٹ کی ادارہ جاتی اور انتظامی اصلاحات میں اہم پیشرفت ہے۔ سپریم کورٹ کو یہ سرٹیفکیٹ 19 نومبر 2026 کو بین الاقوامی ادارے انٹرسرٹ کی جانب سے جاری کیا گیا۔ بس کا مقصد عدالتی انتظام میں شفافیت، جوابدہی اور عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات کا معیار بہتر بنانا ہے۔ سرٹیفکیشن کا دائرہ کار دیوانی اور فوجداری مقدمات میں کمی ایشوز کے فیصلوں، کرایہ داری اور خاندانی مقدمات کی اپیلوں، فیصلوں اور احکامات پر نظرثانی، توہین عدالت کے اختیارات کے استعمال اور عدالتی احکامات و ڈگریوں کے اجرا اور ان پر عمل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



لاہور، صبح کے وقت چھائی دھند میں خواتین مغل دور کے شالیمار باغ کی سیر کر رہی ہیں

ایک کیلنڈر سال کے دوران پاکستان میں 94 لاکھ زائد سائبر حملوں کا انکشاف

کیسپرسکی کے 24 فیصد صارفین کو ڈیوائسز پر ہونے والے سائبر خطرات کا سامنا کرنا پڑا، جنہیں سیکیورٹی سلوشنز نے بروقت روک لیا

حملوں کی تعداد میں 8 فیصد کمی دیکھی گئی۔ دوسری جانب، بینک ڈور حملوں میں 50 فیصد اضافہ ہوا، دوران حملہ تعداد 2 لاکھ 33 ہزار سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان میں گزشتہ 12 ماہ کے دوران مجموعی طور پر 94 لاکھ سے زائد سائبر حملوں کا انکشاف ہوا ہے جبکہ پاکستان میں کیسپرسکی کے 24 فیصد صارفین کو ڈیوائسز پر ہونے والے سائبر خطرات کا سامنا کرنا پڑا، انہیں سیکیورٹی سلوشنز نے بروقت روک لیا۔ اسی طرح پاکستان میں 15 فیصد صارفین کو ویب پر مبنی سائبر خطرات کا سامنا کرنا پڑا جن میں فشنگ حملے اور نقصان دہ ویب سائٹس کے ذریعے صارفین کا ڈیٹا چرانے یا متاثر کرنے کی کوششیں شامل ہیں اس حوالے سے مالی سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپرسکی نے اسلام آباد میں منعقدہ عالمی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے میرپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر چوہدری کاشف نذیر بھجارا کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ڈپٹی کمشنر مری کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت سائلین سے ملاقات

ہدایات پر شہریوں کو سرکاری دفاتر تک آسان رسائی فراہم کرنے کا اقدام

متعلقہ افسران کو شکایات کے فوری ازالے اور میرٹ پر کارروائی کی ہدایت

مری (پریس رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو سرکاری دفاتر تک آسان رسائی فراہم کرنے کے لیے متعارف کروائی گئی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر مری نے اپنے دفتر میں آنے والے سائلین سے ملاقات کی اور ان کے مسائل، شکایات اور درخواستیں تحمل سے سنیں۔ اس موقع پر مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر مری کے سامنے اپنے انفرادی اور اجتماعی مسائل پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے سائلین کی شکایات کو توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہ کی جائے اور ہر درخواست پر میرٹ اور قانون کے مطابق کارروائی مکمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر مری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی درخواستوں پر فوری توجہ دی جائے۔ مسائل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

لکی مروت میں دہشتگردی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، خودکش حملہ آور ہلاک

لکی مروت (خصوصی رپورٹر) لکی مروت کے تھانہ برائی کی حدود میں دہشتگردی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، ایک خودکش حملہ آور کو ہلاک کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اطلاعات تھیں کہ بڑے پیمانے پر جانی نقصان کی واردات ای ڈی بنانی تھی ہے، تھانہ برائی کی حدود میں گاڑی کی نشاندہی پر متعلقہ پولیس نے فوری کارروائی کی، گاڑی میں بڑے ڈمپر میں بڑی مقدار میں بارود موجود تھا۔ مقابلے کی اطلاع پر سی ٹی ڈی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کا معیار بہتر بنانے کیلئے PTA کا کریک ڈاؤن

بہتر بنانے کے لیے جاری ملک گیر فیلڈ مانیٹرنگ کے تحت 29 اکتوبر سے 11 نومبر 2026 تک 226 موبائل سائٹس کا معائنہ کیا ہے

ٹیلی کام سروسز کا مجموعی معیار بہتر ہو، ان کی فراہمی زیادہ قابل اعتماد ہو اور خرابی کی صورت میں سروس برقرار رکھنے یا جلد بحالی ممکن ہو

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ٹیلی کام سروسز کے معیار اور فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے جاری ملک گیر فیلڈ مانیٹرنگ کے تحت 29 اکتوبر سے 11 نومبر 2026 تک 226 موبائل سائٹس کا معائنہ کیا ہے، اس طرح اب تک معائنہ کردہ ٹیلی کام سائٹس کی مجموعی تعداد 1127 سے تجاوز کر گئی ہے۔ یہ معائنے کراچی، لاہور، بہاولپور، کوئٹہ، راولپنڈی، اسلام آباد، پنڈی گھیب، چارسدہ، پشاور، میرپور، اسکردو، کھرمنگ، ہری پور، مانسہرہ، گوادر اور سرگودھا میں کیے گئے۔ جن میں شکایتی انتظامیہ، منتخب نمائندوں، مقامی اسٹیک ہولڈرز اور جنریٹرز کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



اسلام آباد، وزیر تجارت جام کمال سے جنوبی افریقہ کے اعلیٰ سطح کے تجارتی وفد ملاقات کر رہا ہے

عام انتخابات 2029 میں مقررہ وقت پر ہونگے، وفاقی وزیر ریلوے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 4 2 نومبر کو راولپنڈی کا دورہ کریں گی

شہر کے مرکزی علاقے میں گرین بسوں کا افتتاح کیا جائے گا، حنیف عباسی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں عام انتخابات 2029 میں مقررہ وقت پر ہوں گے، نئے صوبوں کے قیام یا آئینی ترمیم سے متعلق فیصلے عوام اور پارلیمان کی مرضی سے ہی کیے جا سکتے ہیں، اس حوالے سے قبل از وقت رد عمل دینا مناسب نہیں۔ ناظمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں ایک تقریب سے خطاب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں ایک ہی وقت میں بھی انتخابات ہوتے رہے ہیں اور ماضی میں بھی انتخابی مہم کے دوران دہشت گردی کے واقعات رونما ہوئے ہیں، ان واقعات کے باوجود انتخابات کا انعقاد ہوا ہے۔ ہمیں ماضی سے سیکھنا ہوگا اور ایسے اقدامات کرنے ہوں گے جن سے انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے جامع اور مؤثر قانون سازی کی ضرورت ہے، ایسے صوبوں کے قیام کے لیے آئین میں ترمیم ناگزیر ہے، ایسی کوئی بھی قانون سازی پارلیمنٹ میں ہی ہو سکتی ہے، ماضی میں بھی آئینی ترامیم کی حمایت کر چکی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے جلد بازی میں کوئی بھی غیر ضروری اقدام کسی کے بھی مفاد میں نہیں ہوگا، ایسی کسی بھی اقدام کے لئے عوامی رائے ضروری ہوگی جبکہ، جہاں ریفرنڈم کا طریقہ کار لاگو ہو وہاں اس کے ذریعے عوام کی رائے لی جا سکتی ہے، اس کے بعد پارلیمان کے دونوں ایوانوں کی منظوری بھی درکار ہوتی۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے بتایا کہ وہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

زرعی شعبے کو فوری سہارا نہ دیا گیا تو پاکستان چینی اور گندم کا مستقل درآمد کنندہ بن سکتا ہے، خواجہ محبوب الرحمن

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان بزنس فورم نے وزیر خزانہ و پیداوار میں اقتصادی رابطہ کمیٹی محمد اورنگزیب کو خط ارسال کر کے ملک میں زرعی شعبے اور نقد آبی تحفظ کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اقتصادی رابطہ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا ہے۔ صدر پاکستان بزنس فورم خواجہ محبوب الرحمن نے خط میں نشاندہی کی ہے کہ اگر زرعی شعبے کو فوری اور موثر حکومتی معاونت فراہم نہ کی گئی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

وزیر خزانہ کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس

ایس ایم ایز کی برآمدات کے فروغ کے لئے اہم اصلاحات کی منظوری دی گئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس وزارت خزانہ میں منعقد ہوا جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کی برآمدات کے فروغ، برآمدی فنانسنگ میں اصلاحات اور مختلف وزارتوں کے لئے تکنیکی مشق گرانٹس (ٹی ایس جیز) کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں وزارت خزانہ کی جانب سے پیش کردہ سمری پر تفصیل الشامک انٹیلی جنس (این ای آئی) کے منصوبوں پر غور آمد کے لئے تکنیکی مشق گرانٹ کی منظوری دی گئی۔ کمیٹی نے قومی ترقیاتی ترجیحات کے حصول میں ان منصوبوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ این ای آئی نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایگزم بینک) کے زیر انتظام طویل مدتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



معاون خصوصی مذیفہ رحمان گند ھارا سٹر بیجنگ ڈائیلاگ کے اختتامی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مصطفیٰ کمال کا نیشنل ڈیٹا سینٹر کا دورہ، ادویات کے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کا جائزہ

وفاقی وزیر صحت نے ڈیٹا مینجمنٹ اور ادویات کی شفاف نگرانی کے تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے فارماسیوٹیکل ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم اور D-2 بارکوڈ کے نظام کا جائزہ لینے کے لیے این ٹی سی (NTC) نیشنل ڈیٹا سینٹر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر صحت کو ادویات کی نگرانی، شناخت، ترسیل اور شفافیت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

SCO کلچرل فورم 3 سال بعد، پاکستانی وزیر مصدق ملک نئی دہلی پہنچ گئے

ناظم الامور سعد وڑائچ نے استقبال کیا، تہذیبی مکالمے، ثقافتی ہم آہنگی پر گفتگو کیلئے رکن ممالک کے نمائندے اکٹھے ہوں گے

پاکستان اور بھارت مئی 2025 میں اپنی چار روزہ فوجی محاذ آرائی کے بعد سفارتی تعطل کا شکار، فورم 22 نومبر تک جاری

نئی دہلی (سماچ نیوز) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے پہلے کلچرل فورم میں شرکت کے لیے نئی دہلی پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ یہ فورم 20 سے 22 نومبر تک جاری رہے گا۔ نئی دہلی ایئر پورٹ پر ڈاکٹر مصدق ملک کا استقبال امور سفارت کے ناظم سعد وڑائچ نے کیا۔ پاکستان کے دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق وہ بھارت کے وزیر ثقافت و سیاحت کی دعوت پر اس فورم میں شریک ہو رہے ہیں۔ بھارت میں پاکستانی ہائی کمیشن کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



اسلام آباد، سردار مسعود کو فیوچر ورلڈ اسکول اینڈ کالج کی پرنسپل عظمیٰ رافع شیلڈ پیش کر رہی ہیں

EDITORIAL PAGE

اداریتی صفحہ

"حمائی بریڈ نظام اسی تنخواہ، کرداروں پر چلے گا یا مستقبل سیاسی نقشہ بدلے گا؟"

پاکستان میں سیاسی منظر نامہ بدلتے دیر نہیں لگتی۔ تاریخ گواہ ہے کہ بعض اوقات جب بظاہر جمود یا بے یقینی کے امکانات بھی نہیں دیکھ رہے ہوتے تب ہی منظر نامہ بدل دیا جاتا رہا ہے۔ کیونکہ "پس پردہ" جو ہو رہا ہوتا ہے۔ اس سے عام لوگ بے خبر ہوتے ہیں۔ یہ حقائق جاننے والے تبصرہ ہوتے ہیں وہ اصل حقائق پر پردہ ہی رکھتے ہیں۔ ان حالات میں پاکستان کی سیاست کو سمجھنا تو درکنار کسی نتیجہ پر پہنچنا بھی آسان نہیں۔ اس وقت دیکھیں تو پاکستان کی سیاست اس وقت ایک ایسے موڑ پر کھڑی ہے جہاں ہر بیان محض سیاست نہیں۔ بلکہ آنے والے نظام کی سمت کا تعین اور اعلان لگتا ہے۔ ایک طرف نئے سویوں کا سوال، دوسری طرف تحریک اتحاد کے اندر دراڑ، تیسری طرف مولانا فضل الرحمان کے خلاف کارروائی کا شور، تو چوتھی طرف مولانا فضل الرحمان اور ایجنسی کے بیچ جنس کا کھلا محاذ عمران خان کا خاتمہ۔ یہ چاروں واقعات بظاہر الگ الگ نظر آتے ہیں، مگر ان کا تانا بانا ایک اقتدار کی "کمان" پر کنٹرول ہی ہے۔ اقتدار کس کے ہاتھ میں رہے گا۔ اور اصل فیصلے کون کرے گا پارلیمنٹ یا اسٹیبلشمنٹ؟ 1۔ نئے سویے انتخابی اصلاحات یا سیاسی بارود؟ 17 نومبر 2026 کو کراچی پریس کلب میں بلاول بھٹو زرداری نے جو لب ولہجہ اختیار کیا وہ روایتی پیپلز پارٹی کے بیان سے کہیں زیادہ سخت تھا۔ انہوں نے کہا کہ ندھ کو زبردستی تقسیم کرنے کی کوئی کوشش ہوئی تو خون بہے گا۔ عام آدمی اختیار اٹھائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے یہ بھی واضح کیا کہ پیپلز پارٹی غیر انتخابی طریقے سے نئے سویوں کی مخالف ہے، ریفرنڈم کے ذریعے سویے بنانے کی تجویز کو مسترد کیا اور کہا کہ نظام کرانسی، بلکہ "مگرمچھا" ہے۔ دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ بلاول نے جنوبی پنجاب، گلگت بلتستان کو صوبائی حیثیت دینے اور عوامی مرضی سے نئے سویوں کی حمایت بھی کی، مگر ندھ کی تقسیم کو ریڈ لائن قرار دیا۔ کیا یہ دوہرا معیار نہیں؟ یہی وہ نکتہ ہے جہاں سے بحث نے آگ پکڑی۔ اسی شام وزیر اطلاعات مطلاطہ عثمان نے جواب بھی دیا۔ ریفرنڈم انتخابی و قانونی طریقہ ہے۔ دوسری طرف (ن) لیگ سمجھتی ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت کی سہولتیں بھی لے رہی ہے اور اپوزیشن کا کردار بھی ادا کر رہی ہے۔ تاہم "دوہرے معیار" والا نعرہ دراصل اسی frustration کا کھلی اظہار ہے۔ مگر ان اتحاد میں یہ تضاد کھل کر سامنے آیا۔ اس میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں نے انہیں بریں ہمرہ اور دل کے دورے کے خطرے سے خبردار کیا ہے۔ ان کا بلڈ پریشر 193 تک پہنچ گیا ہے، اور "اگر میں زندہ رہا تو اپنی بے گناہی ثابت کروں گا"۔ انہوں نے واضح احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے پر استعفیٰ دینے کی پیشکش کی۔ یہ ظاہر ایک قیدی کی انسانی اپیل بھی ہے اور ایک سیاسی پیغام بھی۔ اس سابق وزیر اعظم کے لئے سبق آموز ہے جو اپنے دور اقتدار میں مخالف سیاسی رہنماؤں قیدی نواز شریف کو رلانے کی دھمکیاں ایئر کنڈیشن بند کرنے کی باتیں کرتا تھا۔ وہ آزمائش میں خود ہونے کے ساتھ ایک بار پھر حدیبیہ کھیچہ میں کھڑا کرنے کے لیے کوشاں ہے کہ کیا عدالت اپنے ہی احکامات پر عمل کرا سکتی ہے؟ اگر عدالت خاموش رہی تو یہ تاثر مضبوط ہوگا کہ حدیبیہ ٹائم بے بس ہے۔ اگر عدالت نے سخت نوٹس لیا تو پھر پارٹ نظام کے اندر ایک نیا تاثر پیدا ہوگا۔ میرے خیال میں یہاں اصل سوال کیا ہے؟ پارٹ نظام کی سب سے بڑی خوبی یہ بتائی جاتی ہے کہ یہ انتظام دیتا ہے مگر سب سے بڑی برائی یہ بھی ہے کہ یہ جوابدہی بھی تو نہیں دیا کرتا۔ نئے سویوں کی بحث، بلاول اور تارڑ کی نوک جھونک، مولانا کے خلاف کارروائیاں اور عمران خان کا بیانیہ جنس کو خلیہ سب دراصل اسی ایک سوال کے مختلف رخ یا پہیے ہیں۔ کیا فیصلے آئین، پارلیمنٹ اور عوام کریں گے، یا فیصلے کہیں اور ہو کر پارلیمنٹ سے صرف مہر لگوائی جائے گی؟ اگر نئے سویے آئینی طریقے سے، صوبائی اسمبلیوں کی مرضی اور عوامی مشاورت سے بنتے ہیں تو یہ اصلاح ہوگی۔ اگر ریفرنڈم یا دباؤ کے ذریعے بنتے ہیں تو یہ تقسیم ہوگی۔ اگر محکمران اتحاد اپنے انتخابات میز پر حل کرتا ہے تو یہ سیاست ہے۔ اگر وہ ایک دوسرے کو ہی سوشل میڈیا پر دھمکائے گا تو یہ تماشا ہے۔ اگر سیاست کو عدالت سے دبایا جائے گا تو یہ جمہوریت ہے۔ اگر اسے تجاوزات اور مقدمات سے دبایا جائے گا تو یہ وہی پرانا انتظامی منٹی طرز سیاست ہے جس نے ہر دور میں اپوزیشن کو بیمار بنایا۔ اور اگر ایک قیدی کی ٹھی اپیل کا بھی سیاسی جھٹک سے دیکھا جائے تو وہی سب سے بڑا نجی آواز بن جاتا ہے۔ اب بات کرتے ہیں عمران خان کا سے خلاف قیدی کی اپیل، سیاسی چال؟ 16 نومبر کو عمران خان کا تین رکنی بنچ جسٹس صاحبان، سپریم کورٹ، فیڈرل آئینی عدالت اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے نام خط سامنے آیا۔ اس میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں نے انہیں برین ہیمرج اور دل کے دورے کے خطرے سے خبردار کیا ہے۔ ان کا بلڈ پریشر 193 تک پہنچ گیا ہے، اور "اگر میں زندہ رہا تو اپنی بے گناہی ثابت کروں گا"۔ انہوں نے واضح احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے پر استعفیٰ دینے کی پیشکش کی۔ یہ خط ایک قیدی کی انسانی اپیل بھی ہے اور ایک سیاسی پیغام بھی۔ اس سابق وزیر اعظم کے لئے سبق آموز ہے جو اپنے دور اقتدار میں مخالف سیاسی رہنماؤں قیدی نواز شریف کو رلانے کی دھمکیاں ایئر کنڈیشن بند کرنے کی باتیں کرتا تھا۔ وہ آزمائش میں خود ہونے کے ساتھ ایک بار پھر حدیبیہ کھیچہ میں کھڑا کرنے کے لیے کوشاں ہے کہ کیا عدالت اپنے ہی احکامات پر عمل کرا سکتی ہے؟ اگر عدالت خاموش رہی تو یہ تاثر مضبوط ہوگا کہ حدیبیہ ٹائم بے بس ہے۔ اگر عدالت نے سخت نوٹس لیا تو پھر پارٹ نظام کے اندر ایک نیا تاثر پیدا ہوگا۔ میرے خیال میں یہاں اصل سوال کیا ہے؟ پارٹ نظام کی سب سے بڑی خوبی یہ بتائی جاتی ہے کہ یہ انتظام دیتا ہے مگر سب سے بڑی برائی یہ بھی ہے کہ یہ جوابدہی بھی تو نہیں دیا کرتا۔ نئے سویوں کی بحث، بلاول اور تارڑ کی نوک جھونک، مولانا کے خلاف کارروائیاں اور عمران خان کا بیانیہ جنس کو خلیہ سب دراصل اسی ایک سوال کے مختلف رخ یا پہیے ہیں۔ کیا فیصلے آئین، پارلیمنٹ اور عوام کریں گے، یا فیصلے کہیں اور ہو کر پارلیمنٹ سے صرف مہر لگوائی جائے گی؟ اگر نئے سویے آئینی طریقے سے، صوبائی اسمبلیوں کی مرضی اور عوامی مشاورت سے بنتے ہیں تو یہ اصلاح ہوگی۔ اگر ریفرنڈم یا دباؤ کے ذریعے بنتے ہیں تو یہ تقسیم ہوگی۔ اگر محکمران اتحاد اپنے انتخابات میز پر حل کرتا ہے تو یہ سیاست ہے۔ اگر وہ ایک دوسرے کو ہی سوشل میڈیا پر دھمکائے گا تو یہ تماشا ہے۔ اگر سیاست کو عدالت سے دبایا جائے گا تو یہ جمہوریت ہے۔ اگر اسے تجاوزات اور مقدمات سے دبایا جائے گا تو یہ وہی پرانا انتظامی منٹی طرز سیاست ہے جس نے ہر دور میں اپوزیشن کو بیمار بنایا۔ اور اگر ایک قیدی کی ٹھی اپیل کا بھی سیاسی جھٹک سے دیکھا جائے تو یہ خود ہی سب سے بڑی آواز بن جاتا ہے۔



ہے، عوام سے رائے لینے پر کسی جماعت کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے، اور نئے سویوں اور گندم کی خرید پر بحث کو رد کیا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے بلاول پر "دوہرے معیار" کا الزام بھی لگایا اور کہا کہ "ہم ایک ہی حکومت کا حصہ ہیں، آئیں بیٹھ کر فیصلہ کریں"۔ یہاں سوال صرف سویوں کا نہیں۔ سوال یہ ہے کہ ریفرنڈم کا اختیار کس کے پاس ہے؟ آئین کا آرٹیکل 239 کہتا ہے یا سویٹ صرف صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت اور پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی سویے بنائے جا سکتے ہیں۔ ریفرنڈم اس عمل کا متبادل نہیں۔ اگر ریفرنڈم کو آئین سے اوپر بٹھا دیا گیا تو کل کو ہر متنازع فیصلہ "عوامی مرضی" کے نام پر آئین کو ہائی پاس کر کے "نیا کنٹا" کھولا جائے گا۔ یہی بلاول کا خوف ہے، اور یہی سیاسی جماعتوں کی مشکل بھی سمجھ تحقیقت ہے۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) ایم کے ایم کا اتحاد شروع سے ہی "ضرورت کا اتحاد" اور وقت کی ستم ظریفی مجبوری بھی تھا، "محبت کا" اتحاد نہیں۔ اب وہ ضرورت بھی سوال بن گئی ہے۔ بلاول کا لہجہ، صدر زرداری کی طرف سے بغیر مشاورت کے گورنر راج کے حکم نامے پر دستخط، اور پھر بلاول کا مولانا فضل الرحمان کو فون کر کے حکومتی کارروائیوں کو "سیاسی انتقام" قرار دینا، یہ سب ایک ہی نظام دے رہا ہے۔ پیپلز پارٹی خود کو حکومت کے فیصلوں سے الگ دکھانے کی راہ پر ہے، مگر حکومت سے باہر بھی نہیں جانا چاہتی۔ پیپلز پارٹی وفاق میں اتحادی حکومت میں گورنر راج کی حمایت کر کے گلگت بلتستان اور اب خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی حمایت میں محکمران ایوان صدر، پیپلز میں سینیٹ گورنر پنجاب جیسے آئینی عہدوں پر بھی فائز ہے۔ دوسری طرف (ن) لیگ سمجھتی ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت کی سہولتیں بھی لے رہی ہے اور اپوزیشن کا کردار بھی ادا کر رہی ہے۔ تاہم "دوہرے معیار" والا نعرہ دراصل اسی frustration کا کھلی اظہار ہے۔ محکمران اتحاد میں یہ تضاد کھل کر سامنے آیا۔ اس میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں نے انہیں برین ہیمرج اور دل کے دورے کے خطرے سے خبردار کیا ہے۔ ان کا بلڈ پریشر 193 تک پہنچ گیا ہے، اور "اگر میں زندہ رہا تو اپنی بے گناہی ثابت کروں گا"۔ انہوں نے واضح احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے پر استعفیٰ دینے کی پیشکش کی۔ یہ خط ایک قیدی کی انسانی اپیل بھی ہے اور ایک سیاسی پیغام بھی۔ اس سابق وزیر اعظم کے لئے سبق آموز ہے جو اپنے دور اقتدار میں مخالف سیاسی رہنماؤں قیدی نواز شریف کو

قوت بھی، تحمل بھی



تحریر: محمد محسن اقبال

قوموں کی تاریخ گواہ ہے کہ تحمار کی دھار سے زیادہ اسے تھامنے والے ہاتھ کا ضبط اہمیت رکھتا ہے۔ کسی ملک کی عسکری قوت صرف سپاہیوں کی تعداد، اسلحے کے انبار اور سرحدوں کی حفاظت کی صلاحیت سے نہیں ناپی جاتی۔ اصل پیمانہ وہ پختہ وراثہ مہارت، نظم وضبط اور احساس ذمہ داری ہے جس کے ساتھ دفاعی ادارے اپنا فرض نبھاتے ہیں۔ آج دنیا غیر یقینی کے بھنور میں ہے اور حالات لمحہ بہ لمحہ کروٹ بدل رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کی مسلح افواج ایک نمایاں مقام پر کھڑی ہیں۔ یہ مقام اتفاق کا نتیجہ نہیں۔ اس کے پیچھے کئی دہائیوں کا مسلسل تجربہ ہے۔ خطے کا پیچیدہ و متوقع کا ماحول ہے اور اقوام متحدہ کے امن مشن میں طویل خدمات کی داستان ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں اس ادارے کا سفر یہ بھی بتاتا ہے کہ علاقائی معاملات میں عسکری سفارت کاری کی اہمیت کس قدر بڑھ چکی ہے۔ پاکستان کا شمار دنیا کی بڑی روایتی عسکری قوتوں میں ہوتا ہے۔ گلوبل فائر پاور کی 2026ء کی درجہ بندی میں پاکستان 145 ممالک میں چودھویں نمبر پر ہے۔ یہ درست ہے کہ کہیں درجہ بندیاں عسکری صلاحیتوں کا ایک عمومی خاکہ ہی پیش کرتی ہیں اور کسی فوج کی حقیقی استعداد کا حرف آخر نہیں ہوتیں۔ پھر بھی پاکستان کی دفاعی قوت کے بنیادی ستون واضح ہیں: 6 لاکھ اہلکاروں پر مشتمل بری فوج منصفہ فضائیہ، اور جنوبی اتھیا میں تزویراتی توازن قائم رکھنے والی جوہری صلاحیت۔ پاک بحریہ بھی بحیرہ عرب میں موجود بڑی عسکری طاقتوں کی موجودگی کے باوجود ایک قابل اعتماد روکنے کی قوت کے طور پر سامنے آئی ہے۔ یہ سب مل کر ایک ایسا توازن پیدا کرتے ہیں جو طویل تصادم کو خطرناک بنا دیتا ہے۔ مگر اصل طاقت ہتھیاروں میں نہیں ان کا چلانے والے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ یہ ہاتھ تربیت، نظم وضبط اور احساس ذمہ داری سے مضبوط ہوتے ہیں۔ یہی وہ نکتہ

بقیہ 1

آئندہ پانچ سال میں ایک ارب امریکی ڈالر تک بڑھانے کے جامع لائحہ عمل کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے حصول کے لیے جنتی پتھروں کی مکمل ویلیو چین کو قومی معیشت کا حصہ بنانا، مقامی پراسیسنگ کو فروغ دینا، جدید ٹیکنالوجی اپنانا اور نجی شعبے کے تعاون سے تربیتی اقدامات شروع کرنا اور برانڈ پاکستان متعارف کرانا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خلائی لینڈ کے جیم اینڈ جیولری اسٹی میوٹ (جی آئی جے) اور سری لنکا کی نیشنل جیمز اینڈ جیولری اتھارٹی جیسے اداروں کے ساتھ مضبوط روابط سے تکنیکی صلاحیتوں میں اضافہ، معیار کی بہتری اور پاکستانی جنتی پتھروں کی عالمی منڈیوں تک رسائی کو وسعت دینے میں مدد ملے گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نیشنل پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن (این پی او) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد طاہر چودھری نے ایکسپورٹ پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن (اے پی او) کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے پاکستان کو بین الاقوامی درکشاپ کی میزبانی کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے بین الاقوامی ماہرین اور مقامی متعلقہ فریقین کی بھرپور شرکت کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے جنتی پتھروں کے شعبے میں ویلیو ایڈیشن، زرمبادلہ کے حصول اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ ان کے مطابق چار روزہ درکشاپ نے تکنیکی معلومات کے تبادلے، بین الاقوامی بہترین طریقہ ہائے کار سے آگاہی، پیشہ ورانہ روابط کے فروغ اور اے پی او کے رکن ممالک کے تجربات سے استفادے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا۔ محمد طاہر چودھری نے مقامی شرکا پر زور دیا کہ وہ درکشاپ کے دوران حاصل ہونے والے علم اور تجربات کو دیگر متعلقہ حلقوں تک پہنچائیں اور بین الاقوامی بہترین طریقہ ہائے کار کو عملی اقدامات میں تبدیل کرتے ہوئے پاکستان کی مقامی جنتی پتھروں کی صنعت کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے پی جی جے ڈی ای کے تعاون کو سراہا، مسٹر تو یوسوگم میاپایا کی سہولت کاری اور نظامت کو سراہا اور کامیاب انعقاد کے لیے این پی او کی ٹیم کی کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ اے پی او سیکرٹریٹ کی جانب سے خطاب کرتے ہوئے میاپایا نے کہا کہ ترقی پذیر معیشتوں کے لیے جنتی پتھروں کی صنعت کو مسابقتی بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔ اس موقع پر سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 2

اعتراف ہے۔ محمد سہیل چوہدری نے کہا کہ ترقی کے ساتھ ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے، ترقی پانے والے افسران و اہلکار مزید محنت، دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں۔ سہیل چوہدری نے کہا کہ اہل افسران و اہلکاروں کو میرٹ پر بروقت ترقی دینا ہماری اولین ترجیح ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس میں افسران و اہلکاروں کی فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ ترقی کے اقدامات جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پانے والے افسران و اہلکار شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور خدمت عامہ میں مزید موثر کردار ادا کریں۔

بقیہ 3

ملہ کی جانب سے تلگر کی تقسیم کی خصوصی تقریب کو تکنیکی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹرین کی عزت نفس، سہولت اور خدمت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈاکٹر انعم فاطمہ نے کہا کہ تلگر کی تقسیم کا عمل مستقل اور پائیدار بنیادوں پر استوار کیا جارہا ہے اور دربار حضرت بری امام میں آنے والے عقیدت مندوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جائینگی

بقیہ 4

نے کہا کہ سروس ڈیلیوری میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، راولپنڈی پولیس شہریوں کے تحفظ، خدمات کی فراہمی اور بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 5

کرنا ہوگا۔ نوجوانوں، کاروباری شخصیات اور سماجی و تنظیمی نمائندوں کو آگے بڑھ کر معاشرے کی بہتری اور شکل و معیشت کے استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے نومنتخب کابینہ کے ایک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت عظیم کو حریف فعال اور مستحکم بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ منتخب عہدیداران میں طارق کھوکھر صدر، محمد آصف بھٹی سینئر نائب صدر، بابر عرفات نائب صدر، محمد اشرف جنرل سیکرٹری، چوہدری محمد قیصر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، شفیر اقبال خانس سیکرٹری اور یاسر کندن سیکرٹری اطلاعات منتخب ہوئے ہیں۔ اس موقع پر نومنتخب صدر طارق کھوکھر نے وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال اور تقریب میں شرکت کرنے والے تمام معزز مہمانوں، تاجر رہنماؤں، متقررین اور شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آمد اور حوصلہ افزائی ہمارے لیے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اپنی پوری ٹیم کے ہمراہ تنظیم کی بہتری، ترقی اور استحکام کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ طارق کھوکھر نے کہا کہ تمام عہدیداران کو اعتماد میں لے کر باہمی مشاورت سے فیصلے کیے جائیں گے اور تنظیم کو ایک مؤثر، فعال اور نمایاں ادارے کے طور پر متعارف کرانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ان کی اولین ترجیح اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا، تنظیمی سرگرمیوں کو وسعت دینا اور ادارے کو نئی بلندیوں تک پہنچانا ہے۔ تقریب میں یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے جنرل سیکرٹری ظفر بخاروی، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد زکریا کپر، سابق چیمبر کے موجودہ صدر اویس ستی نومنتخب صدر جمیل مجاہد ملک کے دیرینہ ساتھی سابق صدر اویس ستی سمیت دیگر تاجر رہنماؤں اور معزز شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت تنظیمی مقاصد کے حصول، عوامی خدمت اور ادارے کی ساکھ کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ 6

کا جائزہ لیا جائیگا۔ سروے کا سلسلہ ملتان شہر اور اس کے گرد و نواح میں جاری ہے، جہاں سارفین کے تجربے کا جائزہ لینے اور بہتری کے متقاضی علاقوں کی نشاندہی کے لیے مزید ٹیمٹ ڈرائیوز کی گئیں۔ ملتان میں پی ٹی اے کی ٹیم نے موبائل فون آپریٹرز (سی ایم اوز)، فکسڈ لائن آپریٹرز (ایف ایل ایل)، وی وی ایے ایس ڈیٹا اور کاس لائسنسز کے نمائندوں کے ساتھ ضلعی سطح پر اجلاس بھی کیے۔ موبائل آپریٹرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ قابل اعتماد وائس اور ڈیٹا کنیکٹیویٹی، مناسب ٹیسٹ ڈراپ کوریج، کارگردگی کی باقاعدہ نگرانی اور کوریج میں موجود خامیوں اور ٹیسٹ ڈراپ پر ڈیٹا کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنائیں۔ ملتان میں جائزے کے بعد پی ٹی اے کی ٹیم جی ٹی روڈ کے ذریعے کبیر والا، جھنگ اور سرگودھا سے ہوتی ہوئی اسلام آباد واپس روانہ ہوگی، جہاں رابطے میں تکنیکی کام سرانجام دے کر مزید جائزے کے ساتھ کنیکٹیویٹی کے مسائل اور بہتری کے متقاضی علاقوں کی نشاندہی کی جائے گی۔

بقیہ 7

تمائل ہوئی۔ اس پولیتین کا مقصد خواتین انٹرپرینیورز کو اپنی مصنوعات کی تشہیر، کاروباری شناخت مستحکم کرنے اور نئے مواقع تک رسائی کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی ڈاکٹر صہیر اطارق میرا برانڈ پاکستان سے اظہاری خطاب کریں گی جبکہ 22 نومبر کو اوکس پریزیڈنٹ پاک انٹرنیشنل بزنس فورم ازلیہ محمود خطاب کریں گی ایکسپو کی خصوصی سرگرمیوں میں، ہر دل تک قرآن 30% پروگرام بھی شامل ہے، جس کے ذریعے قرآن کریم سے تعلق، فہم اور عملی زندگی میں اس کی رہنمائی کو اجاگر کیا جائے گا۔ اسی طرح، ایلڈرز ایمرجنگ 30% نوجوانوں، طالبات اور مختلف تعلیمی و تربیتی اداروں کے لیے خصوصی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا، جس کا مقصد اگلی نسل میں اعتماد، تخلیقی سوچ، مثبت طرز عمل اور قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھانا ہے۔ میرا برانڈ پاکستان ایکسپو خواتین کی معاشی خودمختاری، مقامی کاروبار کی ترقی، پاکستانی مصنوعات کی ترویج، نوجوانوں کی صلاحیتوں کے اظہار اور معاشرتی و فکری تربیت کو یکجا کرنے کی ایک منفرد کاوش ہے۔ یہ پلیٹ فارم خواتین، نوجوانوں، کاروباری افراد، تعلیمی اداروں اور خاندانوں کو ایک مثبت، بامقصد اور تعمیری ماحول میں اکٹھا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ ایکسپو کے ذریعے پاکستانی برانڈز کی حوصلہ افزائی، خواتین کی کاروباری جدوجہد کو تسلیم کرنے، نئی نسل کو مثبت سمت دینے اور قومی سطح پر گفتگو، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کی کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 8

